SENATE OF PAKISTAN

SENATE DEBATES

Thursday, September 21, 1995

The Senate of Pakistan met in the Senate Hall (Parliament House) Islamabad at thirteen minutes past four in the evening with Mr. Deputy Chairman (Mir Abdul Jabbar) in the Chair.

Recitation from the Holy Quran

بسم اللہ الرحمن الرحیم

ولاتقف ما لیس لک بہ علم ○ ان السمع والبصر والفؤاد کل اولٰئک
کان عنہ مسئولاً ○ ولا تمش فی الارض مرحاً انک لن تخرق الارض
و لن تبلغ الجبال طولاً ○ کل ذٰلک کان سیئہ عند ربک مکروھاً ○

(الاسراء ۳۶ - ۳۹)

ترجمہ: اور دیکھو جس بات کا تمہیں علم نہیں، اس کے پیچھے نہ پڑو، اپنی حد کے اندر رہو یاد رکھو، کان، آنکھ، عقل، ان سب کے بارے میں باز پرس ہونے والی ہے، اور زمین پر اکڑ کے نہ چلو، یقیناً تم زمین میں شگاف نہیں ڈال سکتے اور نہ پہاڑوں کی لمبان تک پہنچ سکتے ہو ان ساری باتوں کا یہ حال ہے کہ ان کی برائی تمہارے پروردگار کے نزدیک بڑی ہی ناپسندیدہ ہے۔

(و آخر دعوانا ان الحمد للہ رب العالمین)

SENATE OF PAKISTAN

SENATE DEBATES

Thursday, September 21, 1995

The Senate of Pakistan met in the Senate Hall (Parliament House) Islamabad at thirteen minutes past four in the evening with Mr. Deputy Chairman (Mir Abdul Jabbar) in the Chair.

Recitation from the Holy Quran

بسم اللہ الرحمن الرحیم

ولاتقف ما لیس لک به علم O ان السمع والبصر والفؤاد کل اولئک

کان عنه مسئولاً O ولا تمش فی الارض مرحاً انک لن تخرق الارض

و لن تبلغ الجبال طولاً O کل ذٰلک کان سیئه عند ربک مکروهاً O

(الاسراء . ۳۶ - ۳۸)

ترجمہ: اور دیکھو جس بات کا تمہیں علم نہیں، اس کے پیچھے نہ پڑو، اپنی حد کے اندر رہو یاد رکھو، کان، آنکھ، عقل، ان سب کے بارے میں باز پرس ہونے والی ہے، اور زمین پر اکڑ کے نہ چلو، یقیناً تم زمین میں شگاف نہیں ڈال سکتے اور نہ پہاڑوں کی لمبان تک پہنچ سکتے ہو ان ساری باتوں کا یہ حال ہے کہ ان کی برائی تمہارے پروردگار کے نزدیک بڑی ہی ناپسندیدہ ہے۔

(و آخرو دعوانا ان الحمدُ للہ رب العالمین)

جناب ڈپٹی چیئرمین -جزاک اللہ ۔

PANEL OF PRESIDING OFFICERS

In pursuance of Sub Rule (1) of Rule 14 of the Rules of Procedure and Conduct of Business in the Senate, 1988, Mr Wasim Sajjad, Chairman Senate, has nominated the following members in order of precedence to form a penal of presiding officers for the 61st session of the Senate of Pakistan:-

1. Makhdoom Syed Hamid Raza.
2. Mr. Saifullah Khan Piracha.
3. Mr. Safdar Ali. Thank you.

جی جناب گچکی صاحب آن پوائنٹ آف آرڈر۔

جناب منظور احمد گچکی -جناب والا اگر وقت آپ دیکھیں تو اجلاس کا وقت تین بجے تھا۔

(مداخلت)

میاں رضا ربانی -جناب سید اقبال حیدر سینیٹر کی والدہ صاحبہ کا انتقال ہوگیا ہے ۔ان کے لئے دعائے مغفرت کرائی جائے۔

FATEHA

جناب ڈپٹی چیئرمین -ہاں - جی حافظ صاحب فاتحہ پڑھائی جائے ۔

(فاتحہ پڑھی گئی)

جناب ڈپٹی چیئرمین -جی جناب گچکی صاحب ۔

POINTS OF ORDER

جناب منظور احمد گچکی -جناب والا یہ اجلاس جو بلایا گیا ہے تین بجے اور اس وقت اگر آپ گھڑی دیکھیں تو سوا چار بجے ہیں ۔ ہم تو حیران ہیں کہ ہمیں کن گناہوں کی سزا مل رہی ہے یہاں پر کہ ڈیڑھ گھنٹہ ہم یہاں بیٹھیں رہیں اور پتہ یہ چلا کہ نیشنل اسمبلی

چل رہی ہے اور اس کی وجہ سے تو ہونا تو یہ چاہیے تھا کہ گورنمنٹ بنچز سے سینیئر حضرات تو موجود ہونے چاہییں۔ اگر وزرا، کی کمی سہی تو دو چار وزرا، وہاں سے یہاں بھیج دیتے۔ یہ ڈیڑھ گھنٹے کی تاخیر ہو ہے وہ ہماری سمجھ میں نہیں آ رہی۔ میرے خیال میں لوگوں کو اس بات کی شکایت ہے۔

جناب ڈپٹی چیئرمین۔رضا ربانی صاحب ذرا اس کا مختصر سا جواب دے دیں۔

میاں رضا ربانی۔جناب چیئرمین اس میں چیئر کی طرف سے کوئی غلطی یا کوتاہی نہیں ہے۔ مسئلہ یہ ہے کہ ویسے بھی نارمل حالانکہ پریکٹس درست نہیں ہے۔ لیکن ویسے بھی نارمل اجلاس جو ہے وہ بیس یا تیس منٹ تاخیر سے ہی شروع ہوتا ہے۔ تو اس لحاظ سے تو ایک گھنٹہ ہی اور جیسے یہ تھا کہ نیشنل اسمبلی چل رہی تھی۔ میں بالکل یہاں پر موجود ہوتا۔ لیکن ایک بل وہاں پر pilot میں نے کیا تھا اور وہ بل under passage تھا۔ فائنل ریڈنگ اس کی چل رہی تھی۔ تو اس لئے میں وہاں سے یہاں پر نہیں پہنچ سکا۔ اس سے اگر ممبران کو کچھ inconvenience cause ہوا ہے تو I apologise for that۔

جناب ڈپٹی چیئرمین۔ہمیں وقت کی پابندی کرنی چاہیے۔ اور میں سمجھتا ہوں کہ ہمارے اس ہاؤس کو اتنا بڑا اعزاز حاصل ہے۔ تو ہمیں وقت کی پابندی کرنی چاہیے۔ جی پروفیسر صاحب۔

پروفیسر خورشید احمد۔جناب چیئرمین! میں دراصل آپ کی توجہ اس طرف مبذول کروانا چاہتا ہوں کہ اتنی غلط روایت پڑ گئی ہے اور اسے justify ہرگز نہیں کرنا چاہیئے کہ ماضی میں اتنے منٹ تاخیر سے شروع ہوا۔ اور میں یہ بھی کہنا چاہتا ہوں کہ تین بجے کا وقت ویسے بھی ذرا نامناسب تھا۔ اور ماضی میں یہ اچھا رہا ہے کہ عصر کی نماز کے بعد شروع کیا ہے اور پھر آٹھ ساڑھے آٹھ بجے تک چلایا ہے۔

جناب ڈپٹی چیئرمین۔بے شک۔ بجاہے۔ انشاء اللہ آئندہ کوشش کی جائے گی کہ ہم آئندہ وقت پر ہی ملیں اور وقت پر ہی اجلاس طلب کیا جائے اور وقت کی پابندی کریں۔ جی جناب اشتیاق اظہر صاحب۔

سید اشتیاق اظہر۔جناب چیئرمین! آج کراچی میں ایم کیو ایم کی طرف سے ہڑتال

ہے ۔ اور اس کی بنیاد یہ بات ہے کہ ہماری دو خواتین کو کئی کئی مہینے میں حراست میں رکھا گیا ہے اور حکومت کی طرف سے نہیں بتایا جاتا کہ وہ کہاں ہیں ۔ میری مراد محترمہ نیس فاطمہ اور محترمہ شازیہ فاروق سے ہے محترمہ شازیہ فاروق تو آٹھ ماہ کی حاملہ ہیں ۔ اور اب تک حکومت کی طرف سے نہیں بتایا گیا کہ آخر ان دونوں کو کہاں رکھا گیا ہے اور کس جرم میں ان کو رکھا گیا ہے ۔ کسی کورٹ میں ان کو کیوں نہیں پیش کیا جاتا ۔ میرا یہ پوائنٹ آف آرڈر تھا -----

جناب آفتاب احمد شیخ۔جناب پوائنٹ آف آرڈر ۔ میں آپ کی توجہ ---

جناب ڈپٹی چیئرمین۔وہ تو کہہ چکے ----

جناب آفتاب احمد شیخ۔نہیں دوسری بات ہے ۔ اس کے علاوہ بات کروں گا ۔ بات یہ ہے کہ جناب چیئرمین ! یہ دو مثالیں آپ کے سامنے بیان کی گئیں ۔ یہ دو ان خواتین کی مثالیں آپ کے سامنے پیش کی گئیں جو---

جناب ڈپٹی چیئرمین: جی جناب بیرسٹر صاحب on a point of order

Syed Masood Kausar: It s not a point of order Sir

Deputy Chairman : Its my ....

تشریف رکھیں جی ۔

سید مسعود کوثر۔ جناب والا میں -------

جناب ڈپٹی چیئرمین ، بیرسٹر صاحب مہربانی کرکے بیٹھیں

I give you the floor, Sir I agree with ~~you~~ please.

جناب آفتاب احمد شیخ ، جناب چیئرمین جو بات اشتیاق اظہر صاحب نے کی وہ یہ تھی کہ دو خواتین کا پتہ نہیں ہے جس میں ایک محترمہ نیس فاطمہ اور دوسری محترمہ شازیہ ان کا پتہ نہیں ۔ ان کے whereabout کا پتہ نہیں کہ کہاں ہیں ۔ یہ کسی جیل میں ہیں اغواء کر لی گئی ہیں مار ڈالی گئیں ان کا کوئی پتہ نہیں ہے ۔ اس کے علاوہ دو اور خواتین کے ساتھ زیادتی ہوئی جن کے نام ----

(مداخلت)

جناب ڈپٹی چیئرمین: بیرسٹر صاحب آپ تھوڑا سا تحمل فرمائیے۔ ہماری یہ روایتیں بھی رہی ہیں ۔ کوئی ایسی بات نہیں تشریف رکھیں ۔ ابھی میں آپ کو موقعہ دیتا ہوں مہربانی کرکے بیرسٹر صاحب تشریف رکھیں ختم کیجئے اپنی بات کو جی ---

جناب آفتاب احمد شیخ: جناب میں یہ عرض کر رہا تھا کہ بار بار مجھے interrupt کر رہے ہیں اس طرف سے۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: نہیں ان کا حق ہے مداخلت کرنا آپ بات کیجئے۔

جناب آفتاب احمد شیخ: آپ نے جب ایک دفعہ مجھے فلور دے دیا ہے تو میری عرض ہے جناب کہ ایک بالکل glaring case ہے ایک کارکن کا جس کا نام ہے انیس قائم خانی اس کارکن کو نہ اس کے رشتہ داروں سے ملنے دیا جا رہا ہے ۔ نہ وکلاء کی مدد حاصل ہے اس کو وکلاء کوشش کر رہے ہیں ---

جناب ڈپٹی چیئرمین: اگر آپ اس کو باقاعدہ طور پر move کریں تو میں سمجھتا ہوں بہتر رہے گا۔ہمارا اجلاس چل رہا ہے آپ پیش کیجئے۔

جناب آفتاب احمد شیخ: میں آپ سے عرض کروں یہ کوئی طریقہ ہے کہ---

(مداخلت)

جناب ڈپٹی چیئرمین: میں نے کہہ دیا ہے ان کو جی کہ اس کو باقاعدہ move کریں۔ ہو گئی بات ۔ تسلیم کرلی آپ نے بات I have directed him that the learned Senator the Honourable Senator آپ تشریف رکھیں جی ٹھیک بات کرنے دیں ۔ ہوگئی بات آپ اس کو move کریں ہم کل اس کو لے آئیں گے ۔

جناب آفتاب احمد شیخ : میں آپ کو حوالہ دے رہا ہوں آئین کی دفعہ 10 کا جس میں ہر شہری کو یہ حق پہنچتا ہے جناب والا اپنی خواہش کے مطابق کہ اس کو وکلاء کی امداد ملے یہ human rights کی خلاف ورزی ہے ---

جناب ڈپٹی چیئرمین : ہو گئی بات جی تشریف رکھیں جی ۔ آپ کی بات ہو چکی

آپ نے بات کہہ دی اشتیاق اظہر صاحب نے بات کی آپ نے ان کے ساتھ۔فرمایا میری عرض سنیں۔ ہو گئی بات۔ میں نے گزارش یہ کی کہ اس کو باقاعدہ آپ move کریں اس پر سیر حاصل بحث کی جانے گی بات ختم ہو گئی ۔

جناب آفتاب احمد شیخ: جناب آپ بات کرنے نہیں دے رہے ہیں نہ۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: تشریف رکھیں جی جناب سردار بشیر احمد ترین صاحب بیرسٹر صاحب کو ذرا بات کرنے دیں جی بیرسٹر صاحب ۔

سید مسعود کوثر: میں معزز اراکین کا بے حد احترام کرتا ہوں۔ جناب والا! میں یہ عرض کر رہا تھا اس ہاؤس کو چلانے کے لئے اس کتاب کو دیکھیں۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: ہو گئی بات۔ یہ میرے پاس بھی کتاب پڑی ہوئی ہے ۔

سید مسعود کوثر: آپ کے پاس پڑی ہوئی ہے آپ پڑھیں تو پتہ چل جائے گا ۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: آپ تشریف رکھیں جناب تشریف رکھیں جی جناب سردار بشیر احمد خان ترین صاحب۔

سردار بشیر احمد خان ترین: جناب چیئرمین صاحب ! یہاں ایک کمیٹی بنی تھی ۱۷ اگست کو۔۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: کس چیز کی بنی تھی۔۔

سردار بشیر احمد خان ترین: ڈیرہ بگٹی کے لئے۔ کہ یہ کمیٹی وہاں جائے گی اور دورہ کرکے آئے گی اور اس ہاؤس میں وہ اپنی رپورٹ پیش کرے گی۔ آج تک اس کمیٹی کے متعلق ہمیں مزید کچھ معلوم نہیں ہے۔لیکن وہاں جب ہم دیکھتے ہیں پوائنٹ آف آرڈر۔ یہ تو ہماری بات بنتی ہے۔جناب چیئرمین صاحب! اس کے متعلق ہمیں فورا بتایا جائے کہ اس کمیٹی کا کیا بنا۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: اس کمیٹی کے چیئرمین خلیل الرحمان صاحب ہیں۔ مسعود کوثر صاحب تشریف رکھیں۔ برائے کرم تشریف رکھیں۔

سید مسعود کوثر: صرف اطلاع کے لئے عرض کرتا ہوں کہ میں اس کمیٹی کا ممبر

ہوں۔ مجھے حق پہنچتا ہے کہ اس کے بارے میں جب بات کی جائے میں آپ کے نوٹس میں وہ لاؤں۔

جناب ڈپٹی چیئرمین : ایک منٹ اس کی بات تو ختم کریں۔

سردار بشیر احمد خان ترین : جناب میں بلوچستان کا بات کر رہا ہوں۔

(مداخلت)

جناب آفتاب احمد شیخ : جناب میں عرض کر رہا ہوں کہ چونکہ آپ ہمیں ایک great human rights violation کا مسئلہ اٹھانے کی اجازت نہیں دے رہے ہیں، اس لئے ہم واک آوٹ کرتے ہیں۔

سردار بشیر احمد خان ترین : کمیٹی کے بارے میں ہمیں نہیں بتایا جا رہا ۔۔۔ لہذا ہم بھی اس معاملے پر واک آوٹ کرتے ہیں۔

(اس دوران اپوزیشن کی پارٹیوں نے واک آوٹ کیا)

جناب منظور احمد گچکی : جناب والا، میں اس پر حیران ہوں کہ یہ human rights کی violation کی بات تو کی جاتی ہے کہ اگر کسی کو arrest کیا جائے یا پولیس تھانے میں رکھا جائے لیکن کبھی کسی نے یہ نہیں کہا ہے کہ لوگوں کو قتل کیا جاتا ہے۔ اس سے بڑی human rights کی violation کیا ہو گی۔

جناب ڈپٹی چیئرمین : وہ بات ہو گئی ہے۔ انہوں نے واک آوٹ بھی کر دیا۔

جناب منظور احمد گچکی : جناب ہم یہ بتانا چاہتے ہیں کہ کراچی میں ہمارے لوگوں کو قتل کیا گیا اور ان کے شواہد موجود ہیں کہ ان کا تعلق MQM سے تھا۔ ہم بھی اس مسئلے کو move کریں گے کہ کراچی میں MQM وہاں کے لوگوں کا قتل عام کر رہا ہے۔ ہم بھی اس کو move کریں گے۔

جناب ڈپٹی چیئرمین : بالکل درست ہے۔ move کر لیں۔ میں ایک عرض کر دوں۔ میاں صاحب اور سید خورشید شاہ صاحب اور ملک قاسم صاحب آپ سے استدعا ہے۔

میاں رضا ربانی : جناب ! میری بھی ایک عرض سن لیں۔ میں بالکل جاؤں گا لیکن شیخ صاحب کی طرف سے زیادتی ہے۔ انہوں نے خود یہ بات کہی پوائنٹ آف آرڈر کے اوپر کہ human

rights کی violation raise کرنا چاہتا ہوں۔

جناب ڈپٹی چیئرمین : اس پر میں نے رولنگ دے دی ہے۔

میاں رضا ربانی، جناب ! آپ نے رولنگ دے دی ہے - میں عرض کر رہا ہوں کہ مہربانی سے رول ۲۱۶ دیکھ لیں۔

"216. (1) A point of order shall relate to the interpretation or enforcement of these rules or such Articles as regulate the business of the Senate and shall raise a question which is within the cognizance of the Chairman.

(2) A point of order may be raised in relation to the business before the Senate at the moment:

Provided that the Chairman may permit a member to raise a point of order during the interval between the termination of one item of business and the commencement of another item of business if it relates to maintenance of order in, or arrangement of business before, the House."

So, a point of order is essentially a point dealing with the transaction of business in the House, the interpretation of the rules, or of the Constitution it cannot be used for raising issues which are not related. Human rights question is not a related question and I make the statement on behalf of the treasury that if he moves under the rules, if he wants a debate on any issue we will not run away from that debate I am prepared to fix a time for that debate but let him move under the relevant rule.

جناب ڈپٹی چیئرمین : جناب مسعود کوثر صاحب ! آپ سے عرض ہے کہ آپ بھی تشریف لے جائیں تو ذرا بہتر رہے گا کیونکہ آپ نے ہی ان کو ناراض کیا ہے۔جی جناب حافظ صاحب۔

حافظ حسین احمد : جناب چیئرمین ! میں ایک اہم مسئلے کی طرف آپ کی توجہ

مبذول کرانا چاہتا ہوں۔ کچھ عرصہ سے پاکستان کی حکومت یہ پروپیگنڈہ کر رہی ہے کہ پاکستان پہلے بہت ہی اکیلا تھا اور موجودہ حکومت نے اسے عالمی بارات میں شامل کر دیا ہے۔ لیکن اس وقت صورتحال یہ ہے کہ افغانستان اور پاکستان کے درمیان جو بگڑتی ہوئی صورتحال ہے، جو ابتر حالات ہیں اور خصوصاً اس لئے پریشان کن ہیں کہ تقریباً گیارہ سال سے زائد افغانستان کے جہاد میں پاکستان کے عوام نے، پاکستان نے عملاً حصہ لیا اور کشمیر کا مسئلہ بھی اس وقت ہمارے لئے ایک مسئلہ بنا ہوا ہے۔ اس صورت حال میں جو ہمارے دوست تھے ایران، چین اور اب افغانستان یہ ایک ایک کر کے ہم سے نہ صرف کٹتے جا رہے ہیں بلکہ بھارت کے ساتھ ان کی قربت اور دوستی بڑھتی جا رہی ہے۔ تازہ ترین صورت حال میں۔۔۔۔۔

جناب ڈپٹی چیئرمین۔ حافظ صاحب پوائنٹ آف آرڈر کیا بنا

حافظ حسین احمد۔ جناب میں نے move کر دیا ہے۔ میری بات تو سنیں اللہ کے بندے ہم نے خدا کہا تو آپ نے کفر کا فتویٰ لگا دیا۔ اللہ کے بندے میں نے باقاعدہ تحریک التواء move کی ہے۔

جناب ڈپٹی چیئرمین۔ ان کی آپ سے یہ گزارش ہے آپ ان کی بات سنیں۔ جی۔

حافظ حسین احمد۔ میری گزارش یہ ہے اور مسئلہ یہ ہے کہ ہم صرف معمولی مسائل کے بارے میں پارلیمنٹ میں بحث کریں۔ آج صدر ربانی نے اپنے اہل خانہ کو پشاور سے واپس منگوا لیا ہے۔ آپ کے سفیر کی کابل میں پٹائی ہوتی ہے۔ جناب یہ ایک انتہائی اہم مسئلہ ہے۔

Mr. Deputy Chairman: Please, please

حافظ حسین احمد۔ جناب آپ میری بات پوری ہونے دیں۔

(مداخلت)

حافظ حسین احمد۔ جناب میری بات پوری سنیں۔ میں کہہ رہا ہوں کہ پاکستان کے سفیر کی سفارت خانے کے اندر کابل میں پٹائی ہوتی ہے۔ وزارت خارجہ افغانستان کو دی گئی سہولتیں واپس لیتا ہے۔ بھارتی افواج کی افغانستان میں موجودگی کی خبریں آرہی ہیں۔ اس صورت حال میں ہم سمجھتے ہیں کہ پارلیمنٹ میں بحث کرنے کی اجازت نہیں ہے۔ اگر بات کرنے کی اجازت نہیں ہے تو ہم کن مسائل پر بات کریں جناب چیئرمین! میں عرض کر رہا ہوں کہ آپ

کشمیر میں نبرد آزما ہیں بھارت کے ساتھ آپ کے تعلقات خراب ہیں۔ ایران سے خراب ہو چکے ہیں۔ چین کا آپ پر اعتماد نہیں ہے۔ افغانستان سے آپ نے جھگڑا مول لیا ہے۔ وسطی ایشیاء کے ممالک میں بھارتی روابط بڑھ رہے ہیں۔ Middle East کے روابط بھارت سے بڑھ رہے ہیں۔ اگر ہم پوائنٹ آف آرڈر پر بات کرتے ہیں کوئی relevant بات کی جاتی ہے۔ افغانستان کے حوالے سے یا پاکستان کی سالمیت کے حوالے سے اس میں یہ کہا جاتا ہے کہ یہ rule کے خلاف ہے۔ میں سمجھتا ہوں میں نے تحریک التواء دی ہے۔ اس میں ہونا یہ چاہئیے کہ تمام دوسرے جو business ہیں ان کو روک کر ملتوی رکھا جائے اور suspend کیا جائے۔ اور صرف اس مسئلے کو لیا جائے۔ اگر ایسی بات نہیں ہے تو بیٹھیں ملک قاسم صاحب، حکومت کی جانب سے کم از کم کوئی statement آنی چاہئیے۔ لوگ پریشان ہیں جناب اس مسئلے پر۔

جناب ڈپٹی چیئرمین۔ تحریک التواء ابھی آئی ہے۔ انشاء اللہ اپنے نمبر پر کل پرسوں آجائے گی۔

حافظ حسین احمد۔ نہیں جناب میں نے گزارش کی ہے کل جمعہ ہے، ہفتہ، اتوار تک ------ ہم اس کا حق رکھتے ہیں۔

جناب ڈپٹی چیئرمین۔ یقیناً رکھتے ہیں۔ میں آپ کے ساتھ ہوں اس سلسلے میں۔

حافظ حسین احمد۔ پارلیمنٹ میں ان سے ہم پوچھیں کہ افغانستان کی موجودہ صورتحال کے متعلق ان کی کیا پالیسی ہے؟

جناب ڈپٹی چیئرمین۔ سارا ہاؤس آپ کے ساتھ ہے انشاء اللہ۔

حافظ حسین احمد۔ اس بارے میں کوئی بیان تو دیں۔

جناب ڈپٹی چیئرمین۔ انشاء اللہ ضرور دیں گے اس پر۔ ٹھیک ہے جی جناب پروفیسر خورشید صاحب۔

پروفیسر خورشید احمد۔ موضوعات کا سلسلہ چل ہی رہا ہے تو میں بھی آپ کی توجہ مبذول کراؤں گا کہ اخبارات کے اندر یہ آیا ہے U. N General Assembly کا جو session جناب آئندہ شروع ہو رہا ہے۔ اس کے ایجنڈے پر مسئلہ کشمیر موجود نہیں ہے۔ یہ بہت ہی

serious بات ہے - میں چاہوں گا کہ ملک قاسم صاحب یا ربانی صاحب اس معاملے میں مدد کریں-

(اس مرحلے پر اذان عصر ہوئی)

جناب ڈپٹی چیئرمین- میرے خیال میں دس منٹ کے لئے adjourn کریں-

The House will meet again after ten minute.

(The House was then adjuouned for prayer break) .

(The House reassembled after the break)

جناب ڈپٹی چیئرمین- میاں رضا ربانی صاحب میرا خیال ہے Question Hour شروع کردیں؛

میاں رضار ربانی- بالکل، سب لوگ آ جائیں

QUESTION AND ANSWERS

Mr. Deputy Chairman: Shall we proceede to the questions? Please Mian Sahib.

Mian Raza Rabbani: Sir, Minister concerned Syed Khurshid Shah, was here, he is the Minister in-charge and I think he has requested the members whose questions are appearing today for education that he had some other important meeting for which he had to go. So, I think he has asked them if it could be deferred till the next rota day.

Mr. Deputy Chairman: Let this side come. I shall ask them

Mian Raza Rabbani: Yes Sir. And the other thing about which I wanted to make a submission was that as far as questions of Communications are concerned, Dr. Sher. Afgan is the Minister In-charge and Dr. Sahib is very much in the building but there was a committee of the House of the National Assembly which has been constituted yesterday in question with the breach of

privilege of Syed Iftikhar Hussain Gilani, and I think that he is chairing that meeting. If those questions could be taken up towards the end of the Question Hour, he would be here by that time.

جناب ڈپٹی چیئرمین۔ بھنڈر صاحب، آپ کو وزیر صاحب کی رائے سے اتفاق ہے۔

Ch. Muhammad Anwar Bhinder: Sir, I think, only the honourable Minister for Law and Parliamentary Affairs would be left otherwise, there are three Ministers who have to attend their questions today.

Mr. Deputy Chairman: Anyhow, let us start it you see, Mian Sahib would be able to answer the questions of Syed Khurshid Shah?

Mian Raza Rabbani: Sir, no I don't even have the file.

جناب سرتاج عزیز۔ جناب والا، میں عرض کروں گا کہ جو وزیر صاحبان موجود ہیں ان کے سوال پہلے لے لیں۔

جناب ڈپٹی چیئرمین۔ مطلب ہے کہ سوال پہلے لے آئیں اور پھر سوال defer کرتے جائیں۔

جناب سرتاج عزیز۔ جی۔

جناب ڈپٹی چیئرمین۔ شکریہ۔ جی ڈاکٹر محمد ریحان صاحب۔

ڈاکٹر محمد ریحان۔ سوالنمبر ا

جناب ڈپٹی چیئرمین۔ ابھی آپ نہیں تھے یہاں پر حکومتی بنچوں کی جانب سے کہا گیا کہ وزیر متعلقہ جنہوں نے جواب دینا ہے وہ موجود نہیں ہیں لہذا ان کے سوالات موخر کر دیئے جائیں۔اور پھر بعد میں جب وہ آئیں گے تو لے لیے جائیں گے۔ یہ فیصلہ ہو چکا ہے۔

ڈاکٹر محمد ریحان۔ٹھیک ہے جناب۔ سوالنمبر 2۔

Mr. Deputy Chairman: Deferred till the arrival of the Minister concerned. Dr. Muhammad Rehan

Dr. Muhammad Rehan: Question No.3 Sir.

Mr. Deputy Chairman: Again deferred till the arrival of the Minister concerned. Syed Muhammad Fazal Agha Sahib.

Syed Muhammad Fazal Agha: Question No.4.

Mr. Deuty Chairman: Syed Muhammad Fazal Agha Sahib, question No.5.

Syed Muhammad Fazal Agha:Question No.5.

Mr. Deputy Chairman: This is regarding education, this is also deferred. Next quetion No.6. Again deferred. Next question No.7.

7. * Mr. Ilyas Ahmed Bilour: Will the Minister for Law, Justice and Parliamentary Affairs be pleased to state:

(a) whether it is a fact that the Humnand Rights Cell has been working in the Prime Minister's Secretariat; and

(b) whether it is also a fact that the government has established a new Ministry of Human Rights, if so, its reasons.

Reply placed on the Table of the House.

Ch. Muhammad Anwar Bhinder: Sir, the reply to this answer is that reply which is placed on the table. Will the honourable Minister enlighten us about the reply, what is the reply, so that we may ask supplementary questions, if we so like.

جناب ڈپٹی چیئرمین- سوال کا جواب آ چکا ہے - یہ بالکل آخر میں ہے And it has been tabled تو اس میں دونوں اجزاء کا جواب 'no' میں ہے - یہ سوال الیاس بلور صاحب کا

تھا۔ اس پہ کوئی ضمنی سوال

Mr. Sartaj Aziz: In its para 'b' they have said that it is a fact that it has been established, no. Is there a proposal to establish a ministry?

Mian Raza Rabbani: Sir, yes. It is being considered. There is a Cabinet Committee which has been formed, which is looking into this proposal.

Mr. Sartaj Aziz: Will the Parliament be taken into account before the proposal is finalised?

Mian Raza Rabbani: Sir, the procedure which is normally followed for the creation of a Division or a new Ministry will be followed to the letter and spirit.

Mr. Deputy Chairman: Thank you. Now next question is Prof. Khurshid Ahmed - No. 8.

پروفیسر خورشید احمد۔ منسٹر صاحب موجود نہیں ہیں بلکہ انہوں نے خود مجھ سے یہ بات کہی ہے کہ وہ چاہتے ہیں کہ اس کو وہ اگلے rota day پر لیں تا کہ وہ پوری معلومات لا سکیں۔

جناب ڈپٹی چیئرمین۔ ٹھیک ہے آپ سے پہلے بھی یہاں یہ بات ہو چکی ہے۔ دونوں سوالات آپ کے 8 اور 9 ڈیفر کئے جاتے ہیں۔ اب آگے سوال نمبر 10۔

Again deferred.

سرتاج عزیز صاحب کا تھا یہ۔ سوال نمبر 11۔ منظور احمد گچکی صاحب۔

11. *Mr. Manzoor Ahmed Gichki: Will the Minister for Local Government and Rural Development be pleased to state the total number of appointments made in the Ministry and its attached departments/corporations in various grades since January, 1994 with Province-wise break-up?

Minister for Loveal Government and Rural Development: The

folowing appointments have been made in the 'Main Ministry' and its attached departments since January 1994.

Main Ministry 2

Attached Departments

(i) National Centre for Rural Development (NCRD) Islamabad. 4

(ii) Municipal Training & Research Institute(MTRI) Karachi. 3

Federal Rural Developoment Engineering Cell (FRDEC)

People's Programme

(i) Head Office, Islamabad 46

(ii) Regional Office/DSABs, Punjab 376

(iii) Regional Office/DSABs, Sindh 248

(iv) REgional Office/DSABs, NWFP 210

(v) Province-wise and grade-wise break-up is shown at Annex-A.

ANNEX-'A'

STATEMENT SHOWING THE DETAIL OF APPOINTMENTS MADE SINCE JANUARY 1994, GRADEWISE PROVINCE-WISE IN RESPECT OF THE MINISTRY OF LOCAL GOVT. & RURAL DEVELOPMENT AND ITS ATTACHED DEPARTMENTS.

	Grade	No. of Post	Province
Main Ministry			
	17	1	Punjab
	16	1	-do-
Attached Departments			
i) National Centre for Rural Development(NCRD) Islamabad.			
	17	1	FATA
	9	1	NWFP
	7	1	Punjab
	1	1	AJK

Grade	No. of po[illegible]	Province

ii) Municipal Training & Research Institute(MTRI) Karachi.

15	1	Merit
5	1	Sindh(R)
1	1	Local

Federal Rural Development Engineering Cell (FRDEC) Islamabad.

2	1	Punjab

People's Programme.

i) Head Office Islamabad.

		Sindh Punjab
18	1	Punjab
17	1	Punjab
16	1	Punjab-4
15	2	NWFP-1
12	8	Islamabad-2 N.Areas-1 Punjab-1 NWFP-1
11	2	
7	3	Sindh-1 Punjab-1 Islamabad-1
5	6	Islamabad-4 Sindh-1 NWFP-1
4	6	Islamabad-1 NWFP-2 Punjab-3
[illegible]	16	Punjab-13 Sindh-2 AJK-1

Regional Office/DC(De), Punjab.

19	1	Punjab
18	4	-do-
17	39	-do-
15	3	-do-

Grade	No. of Post	Province
Regional Office/DGARs, Sindh.		
17	29	Sindh
16	2	-do-
15	13	-do-
12	3	-do-
11	23	-do-
5	50	-do-
4	52	-do-
1	76	-do-
Regional Office/DSADs, NWFP		
18	2	NWFP
17	24	-do-
15	3	-do-
12	23	-do-
11	23	-do-
7	1	-do-
5	47	-do-
4		-do-
1	50	-do-
Regional Office/DSAWS, Baluchistan.		
17	3	Baluchistan
12	5	-do-
11	8	-do-
5	28	-do-
4	34	-do-
1	36	-do-

جناب منظور احمد گچکی۔ جناب والا میرا ضمنی سوال یہ ہے کہ 1004 میں سے اب آپ لسٹ دیکھیں Annex-A اس میں آپ دیکھیں

Main Ministry, attached departments,

یہ پوری لسٹ دیکھیں ان میں کہیں بھی آپ کو بلوچستان نہیں نظر آئے گا۔ کسی جگہ بھی یعنی پوری منسٹری میں آپ کو سوائے ایک جگہ پر جہاں پہ پیپلز ورکس پروگرام ہے ریجنل آفس اس

کا اس کے علاوہ اس پوری منسٹری میں مجھے آپ ایک بلوچستان کا آدمی دکھا دیں ۔ میرا سوال یہ ہے کہ کیا گورنمنٹ یہ assurance دے گی کہ وہ ان دفاتر میں کب تک بلوچستان سے لوگوں کو بھرتی کریں گے ؟

جناب ڈپٹی چیئرمین۔ جناب وزیر قانون صاحب ۔

Mian Raza Rabbani: Thank you, Sir. Sir, I would like to first of all assure before going into the detail. I would first of all like to assure the honourable member that the government is very sensitive to the question of giving representation particularly to the smaller provinces and in particular to the province of Balochistan. As far as, the main Ministry and the other attached departments are concerned the figures of the officers that have been shown have essentially come in through transfers or have been in service for long and they have been transferred to these posts. These are not figures of officers who have been inducted in a period of one year or in a period of two years into new posts. These posts were there - these officers are serving - it is just by coincidence that no officer from Balochistan is here.

Mr. Deputy Chairman: Question was very simple Mian Sahib. یہ بتایا جائے کہ پہلے کے ہوں چاہے اب کے ہوں اس میں کوٹے کا مطابق بلوچستان کے لوگ کیوں نہیں ہیں ۔ اتنی سی بات ہے ۔ پہلی کی ہے تو ویسے ہے ہوتے رہے ہیں ۔

میاں رضا ربانی۔ نہیں میں آپ سے یہی عرض کر رہا ہوں ناں کہ کوٹے کی مطابقت کی بات اس صورت میں آتی ہے کہ اگر یہ fresh appointments ہوں اور وہ fresh appointments کے اندر کوٹے کا خیال نہ رکھا گیا ہو لیکن اگر سورتحال یہ ہو کہ پوسٹیں پہلے سے created ہوں اور transfers کے ذریعے کہ ایک officer جو ہے وہ آج ایجوکیشن میں ہے اور اس کو ایجوکیشن سے transfer کر کے لوکل باڈیز میں لے آیا گیا ہے یا ایک آفیسر کو خزانہ سے لوکل باڈیز میں لایا گیا ہے یا لوکل باڈیز کا ایک آفیسر ہے اسے فنانس میں ٹرانسفر کر دیا گیا

ہے تو اس صورتحال کے اندر وہ کوٹہ transfers کے اندر is not taken into consideration

لیکن all over گورنمنٹ کی employment policy کے اندر

I can assure the honourable member through you that in the over all employment policy the quota of Balochistan is being looked after and will be looked after.

جناب منظور احمد گچکی۔ عرض یہ ہے کہ پہلی بات تو یہ ہے کہ سوال خود یہ ہے کہ جنوری 94ء سے وزارت اور اس کے مختلف محکموں کارپوریشنوں میں مختلف گریڈز میں کل بھرتیاں کی گئیں۔ صوبہ وار تفصیل انھوں نے دی ہوئی ہے اور باقی بھی دیئے ہوئے ہیں۔ کرلیں کہ اگر یہ دوسرے محکموں سے لئے گئے ہیں تو پھر آپ نے بلوچستان کے دوسرے محکموں سے اس محکمے میں transfer کیوں نہیں کیا کیا آپ نے Provincial Governments سے یہ demand کیا کہ ہم کو اس محکمے کے لئے لوگ چاہیئں اور آپ provide ... simple سی بات ہے۔

جناب ڈپٹی چیئرمین۔ میاں صاحب میں تھوڑا سا عرض کر دوں کہ یہ لفظ استعمال کیا گیا ہے یہ recruitment یعنی بھرتی کا ہے۔ ذرا سوال دیکھیں یہ بھرتی کا لفظ ہے کہ 1992 سے کتنی بھرتی کی گئی ہے تو یہ fresh appointments سے تعلق رکھتی ہے۔

سید محمد فضل آغا۔ گزارش یہ ہے کہ منظور صاحب نے اپنے question میں پوچھا ہے کہ اس عرصے کے دوران لوکل گورنمنٹ اور رورل ڈویلپمنٹ کی منسٹری میں کتنی fresh appointments ہوئی ہیں اور جواب میں بھی یہ آیا ہے کہ اس عرصے میں لوکل اور رورل ڈویلپمنٹ کی منسٹری میں جو appointments ہوئیں ہیں ان کا annexure نیچے لگا ہوا ہے۔

It is not a question of postings and transfers from one department to another department. It is straight away question of fresh appointments

اور وہ انفارمیشن مانگی گئی ہے اور یہ دی گئی ہے اور چونکہ رضا ربانی صاحب کو منسٹری والوں نے یہ کہہ دیا ہے کہ آپ یوں کر کے جواب دیں اور انہوں نے شاید خود ... نہیں ... ہے۔ یہ تو بہت eminent وکیل ہیں اور خود انگریزی کو ہم سے بہت بہتر سمجھ سکتے ہیں اور یہ بڑا clear ہے۔ میں سمجھتا ہوں کہ ہاؤس میں اس قسم کے سوال اور جواب جب خود موجود ہیں تو پھر

ہاؤس کو mislead کرنے کی بات ہو جاتی ہے۔ یہاں پہ fresh appointments کی بات ہو رہی ہے اور رضا ربانی صاحب فرماتے ہیں کہ یہ transfer and postings کی باتیں ہیں۔ ۔ ۔ یہ بتایا جائے کہ بلوچستان کو کیوں ہمیشہ نظر انداز کیا ۔ ۔ ۔ ہے اس لسٹ میں بھی بلو ۔ ۔ ۔ انداز کیا ہے۔ اس کے ساتھ میں یہ بھی گزارش کروں گا کہ پچھلے چوبیس مہینوں سے گورنمنٹ کی طرف سے ہمیں ہمیشہ تسلی دی جاتی ہے کہ آئندہ آپ کے کوٹے کا خیال رکھا جائے گا اور بلوچستان کو adjust کیا جائے گا۔ جناب آج بھی بدقسمتی سے آپ دیکھ لیں کہ بات وہی بنتی ہے کہ بلوچستان کا ایک بھی آدمی اس میں نہیں ہے اس میں ذرا یہ بتائیں کہ ان کی ہمدردیاں ہمارے ساتھ جو چوبیس مہینوں سے زبانی چلی آ رہی ہیں اس پر عملی عمل کب کریں گے۔

جناب رضا ربانی۔ جناب میں پھر مودبانہ عرض کروں گا کہ ہاؤس کو mislead کرنے کی کوئی قطعی کوشش نہیں کی جا رہی بلکہ دوسری سائیڈ سے کچھ mislead کرنے کی کوشش کی جا رہی ہے۔ کوئسچن آپ پڑھ لیں

there is nowhere the word 'fresh'. This is the appointments, now appointments could be either way. It is a question of interpretation, this is about the appointments made.

جناب ڈپٹی چیئرمین۔ اپوائنٹمنٹ ۔ ۔ ۔ مطلب ہے بھرتی اور بھ ۔ ۔ ۔ کا ۔ ۔ ۔ ب ہے فریش بھرتی۔

جناب منظور احمد گچکی۔ جناب میری گزارش یہ ہے کہ یہ ہمیں پتہ ہے کہ ٹرانسفر ہو گئے ہیں وہاں سے یا ان کی پروموشن ہو گئی ہے یا appointment ہو گئی ہے۔ مسئلہ یہ ہے کہ یہ بلوچستان سے نہیں ہیں۔ اب 1004 appointments میں سے صرف 114 بلوچستان سے ہیں اور وہ بھی بلوچستان کا جو development programme ہے اسی میں ہیں۔ میری ان سے گزارش ہے کہ جس طرح موجودہ حکومت کے بقول ان کے یہ پالیسی ہے کہ بلوچستان کو اس کے کوٹے کے علاوہ پچھلے جو ان کو نہیں ملے اس کو دیا جائے گا یہ ان کی commitment ہے۔ میری گزارش یہ ہے کہ وہ گزرے ہوئے ہمیں نہیں نہ ملیں۔ آپ ہمیں یہ assurance دیں کہ اس کوٹے کو جو 3.5 ہے یا جو بھی ہے اس کو آپ کتنے مہینوں میں یا کتنے دنوں میں

بلوچستان کے اس right کو دے دیں گے۔ یہ simple سا question ہے۔

میاں رضا ربانی: جناب بالکل، میں یہ عرض کرنا چاہ رہا ہوں کہ یہ dead line دینے کے بھی چھ مہینے یا جیسے جیسے vacancy آنے کی میں نے پہلے بھی عرض کیا میں ابھی بھی on the floor of the House گورنمنٹ کی طرف سے یقین دہانی کراتا ہوں کہ جو quota requirements ہیں وہ بالکل meet کئیے جائیں گے۔

جناب منظور احمد گچکی: نہیں نہیں جناب اس کا طریقہ کار کوئی ہے ناں جی۔ طریقہ کار اس کا یہ ہے کہ اب جتنے بھی appointments ہوں گے اس ڈیپارٹمنٹ میں باقی صوبوں کے appointments کو روک دیا جائے اور جب تک بلوچستان کا کوٹہ پورا نہ ہو۔ اس وقت تک کسی اور صوبے سے نہ لیا جائے۔ یہ assurance ہمیں دے دیں۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: شکریہ جی۔ آپ نے سوال سنا ناں جی ان کا۔ کہ اب جو vacancies نکلیں وہ فرماتے ہیں کہ وہ......

میاں رضا ربانی: جناب گچکی صاحب نے ابھی خود اپنے آپ کو تھوڑا سا contradict کیا۔ انہوں نے پہلے یہ کہا کہ ہم یہ نہیں کہہ رہے کہ ماضی میں جو ہوتا رہا ہے اس کی بات نہ کریں۔ perspective بات کریں کہ آگے جو ہے اس کی assurance دیں کہ جو back log ہے اس کو پورا کیا جائے۔ میرے مطابق there is no back log as far as the over all employment policy of the Federal Government is concerned

جناب ڈپٹی چیئرمین: سپلیمنٹری جی آفتاب شیخ صاحب۔

جناب آفتاب احمد شیخ: میں وزیر کی توجہ page 11 کی طرف دلاؤں گا۔ page 11 میں top پر province کے نیچے سندھ اور سندھ میں vacancies کی تعداد ہے 29. 2.13. 76. 52. 50. 23 میں صرف یہ پوچھنا چاہوں گا کہ آپ نے اس میں اربن اور رورل کوٹہ الگ الگ کیوں نہیں دکھایا ہے۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: جی جناب میاں صاحب۔

Mian Raza Rabbani: Sir, that was not asked in the question.

جناب آفتاب احمد شیخ: page 9 پہ درج ہیں دکھایا ہے انہوں نے۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: رورل اربن ہے۔

جناب آفتاب احمد شیخ: جناب بات یہ ہے کہ کیونکہ سندھ میں تقسیم سے اربن اور رورل کی اور posts بھی اسی طرح تقسیم کرتے ہیں۔ تو یہ بار بار اس طرف سے آپ سے عرض کرتے ہیں کہ آپ کم سے کم distinction بتادیں کہ کتنا اربن ایریا کا ہے اور کتنا رورل ایریا کا ہے۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: اس کی تفصیل آپ بعد میں بتا دینا۔

Mian Raza Rabbani: Sir, I will find that out and tell you later.

جناب ڈپٹی چیئرمین: جناب last supplementary آغا صاحب۔

سید محمد فضل آغا: جناب [illegible] وزیر موصوف صاحب نے [illegible] میں appointment کو fresh appointment کی definition پہ stick کرتے ہوئے گزارش کروں گا کہ انہوں نے اس بات کو آگے پھیلاتے ہوئے فرمایا ہے کہ جب سے یہ آئے ہیں انہوں نے بلوچستان کے کوٹے کو strictly observe کیا ہے۔ اور یہ ہمیں یقین دلاتے ہیں کہ یہ کوٹہ observe ہوا ہے اور اگر یہی بات ہے تو کیا وزیر صاحب ہمیں جتنی fresh appointments ہوئی ہیں اس کے لئے یقین دہانی کراتے ہیں کہ بلوچستان کی Federal level پہ جتنی بھی appointments ہوئیں ہیں اس میں بلوچستان کے کوٹے کو as for the prescribed percentage observe کیا ہے یا نہیں۔

میاں رضا ربانی: جناب میں پہلے بھی عرض کر چکا ہوں کہ گورنمنٹ جو ہے وہ تمام criteria کو which have been laid down for fresh appointments, whether it is quota, whether it is merit, whether it is the procedure, all of the requirements are being met.

جناب ڈپٹی چیئرمین: شکریہ۔

سید محمد فضل آغا: ناں ناں بات نہیں بنی جناب۔ بات یہ ہے کہ بلوچستان کے

کوٹہ کو تمام formalities کو observe کرنے کے باوجود observe کیا گیا ہے یا نہیں بات یہ ہے۔ کوٹہ observe ہوا ہے یا نہیں مجھے specific جواب دے دیں۔ تمام formalities کے بعد بھی۔ پچھلے 24 میں میں جتنی بھی بھرتی ہوئی ہیں۔

میاں رضا ربانی: کیا جا رہا ہے۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: جواب یہ ہے کہ کیا جا رہا ہے۔ جی جناب انور بھنڈر صاحب۔

چوہدری محمد انور بھنڈر: جناب والا page 9 پہ پیپلز پروگرام میں تقریباً ایک ہزار کے قریب آدمیوں کی بھرتی دکھائی گئی ہے۔ جس میں ہیڈ آفس اسلام آباد ہے، پنجاب ہے، سندھ ہے، NWFP ہے، بلوچستان ہے، اور یہ 114، 210، 248، 3، 646۔ جناب والا! پیپلز پروگرام جو ہے اس کے لئے implementation کے لئے already انجنیئرز موجود ہیں۔ پاک پی ڈبلیو ڈی یا ڈسٹرکٹ کونسل وغیرہ موجود ہیں یا صوبائی حکومت کے لوکل گورنمنٹ ڈیپارٹمنٹ موجود ہیں۔ یہ جو ایک ہزار آدمی رکھا گیا میں یہ معلوم کرنا چاہتا ہوں فاضل وزیر قانون سے کہ یہ کس کام کے لئے رکھے گئے ہیں یہ آدمی ایک ہزار کے قریب؟ جبکہ آپ کی انجنیئر already صوبوں میں موجود ہیں۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: میاں صاحب یہ جو page 9 پہ ہے، یہ پیپلز پروگرام کے ہیڈ کے تحت جو ہیں اس کے بارے میں پوچھ رہے ہیں کہ یہ کیوں رکھے گئے ہیں۔

Mian Raza Rabbani: Yes ... I have understood the question sir, in it the Social Action Boards have been created and along with that to see that the schemes are implemented in a more effective manner.

Ch. Muhammad Anwar Bhinder: Boards are non-official bodies.

Mian. Raza Rabbani: This is just to supplement that and as I said Social Action Boards throughout have been created and these posts are alongwith the Social Action Boards that have been created for the implementation of these schemes. To oversee the implementation of these schemes which are being undertaken by the various agencies.

جناب ڈپٹی چیئرمین- جناب شفقت محمود صاحب- کیا آپ ضمنی سوال پوچھیں گے -

جناب شفقت محمود- کیا میں ضمنی سوال نہیں پوچھ سکتا

جناب ڈپٹی چیئرمین- نہیں- بات یہ ہے کہ میں نے پہلے کہا تھا کہ یہ آخری ضمنی سوال ہوگا- بہرحال آپ پوچھ رہے ہیں تو پوچھ لیں - ٹھیک ہے تو پھر یہ last question ہوگا-

Mr. Shafqat Mahmood: May I ask the Minister that is it because with the Social Action Boards , office of the Project Director has also been created who is going to look after all the schemes that are being implemented by SAP and the Project Director's office naturally has various Stenographers, PAs, this that and the others. So, is that the reason why these posts have been created?

چوہدری محمد انور بھنڈر- جناب والا یہ تو سپلیمنٹری جواب ہے -

(مداخلت)

چوہدری محمد انور بھنڈر- میں یہ پوچھنا چاہتا ہوں کہ یہ سارے پیسے جو ہیں یہ سب اسمبلی پر ہی خرچ ہو جائیں گے

(مداخلت)

جناب ڈپٹی چیئرمین - آپ تشریف رکھیں - اگلا سوال- منظور احمد گچی صاحب -

ڈاکٹر محمد ریحان- جناب والا! وزیر صاحب آ گئے ہیں ، اس لئے پہلے والے سوالات لے جائیں -

Mr. Deputy Chairman: Let us revert , Question No. 1 , Dr Muhammad Rehan.

1. *Dr. Muhammad Rehan: Will the Minister for Communications be pleased to state the time by which the VHF PCO in village Khujamad Laundi Dok Kotka Falak Sher , Tehsil and District Bannu , recommended by me in August/September, 1994 will installted?

Minister for Communications: The PCO will be installed on the availability of the required VHF equipment.

جناب ڈپٹی چیئرمین - ڈاکٹر صاحب، ضمنی سوال۔

ڈاکٹر محمد ریحان - میں وزیر موصوف سے یہ پوچھنا چاہتا ہوں کہ میرے سوال کے جواب میں انہوں نے بتایا ہے کہ will be installed on the availability of the required equipment. تو جناب والا! میرا ضمنی سوال یہ ہے کہ میرے اس VHF کے دینے کے بعد جن ممبران نے اپنے کوٹے VHF کے لئے دئے ہیں، وہ تو install کر دئے گئے ہیں لیکن میرے VHF کے بارے میں کہتے ہیں کہ اس کے لئے ہمارے پاس سامان نہیں ہے۔ تو یہ ہمارے ساتھ کیا مذاق ہے؟

ڈاکٹر شیر افگن خان نیازی - جناب والا! 31 دسمبر 1995 سے پہلے یقیناً ان کا PCO لگ جائے گا۔

جناب ڈپٹی چیئرمین - تو کیا اس کے آلات آ گئے ہیں۔

ڈاکٹر شیر افگن خان نیازی - بات یہ نہیں ہے۔ اصل میں جو حالات رہے ہیں، ان کے بارے میں، میں اس وقت کچھ نہیں کہہ سکتا۔ اب میں یقین سے کہہ سکتا ہوں کہ 31 دسمبر سے پہلے یہ لگ جائے گا۔

جناب ڈپٹی چیئرمین - شکریہ۔

جناب شہزاد گل - جناب والا! میں آپ کی وساطت سے ڈاکٹر صاحب سے پوچھنا چاہتا ہوں کہ ڈاکٹر کا 31 دسمبر سے پہلے لگ جائے گا۔ اس سلسلے میں، میں عرض کرتا ہوں کہ میرے PCOs کے 12 towers install ہو چکے ہیں لیکن ان کے لئے equipment نہیں۔ تو کیا 31 دسمبر سے پہلے صرف ڈاکٹر صاحب والے کو equipment دیا جائے گا یا باقیوں کو بھی دیا جائے گا۔

جناب ڈپٹی چیئرمین - میرے خیال میں سبھی کے بارے میں کہا ہے۔

ڈاکٹر شیر افگن خان نیازی - اگر ان کے PCOs کے لئے equipments ہوئے

تو یہ بھی لگ جائیں گے ۔ ہم ضرور کوشش کریں گے ۔

جناب ڈپٹی چیئرمین ۔ وہ بھی ہو جائیں گے ۔ آپ کے بھی ہو جائیں گے ۔

سید محمد جواد صاحب ۔ آپ کچھ پوچھنا چاہتے ہیں

سید محمد جواد ہادی ۔ جناب چیئرمین ! میں بھی اس سلسلے میں عرض کرنا چاہتا تھا کہ گزشتہ سال جولائی 1994 میں ' میں نے بھی فارم جمع کروائے تھے لیکن ان کے بارے میں ابھی تک کچھ علم نہیں ہو سکا ہے ۔

جناب ڈپٹی چیئرمین ۔ یعنی آپ کے بھی ہیں ۔ بہرحال ڈاکٹر صاحب نے ارشاد فرما دیا ہے کہ جو لگ سکتے ہیں وہ لگائیں گے ۔ جن کا سامان آ گیا ہے وہ ضرور لگ جائیں گے ۔

چوہدری محمد انور بھنڈر ۔ جناب والا ! میں بھی یہ پوچھنا چاہتا ہوں کہ جو PCOs ہم نے recommend کئے تھے اور جو آج تک نہیں لگے ہیں ' کیا وہ بھی 31 دسمبر تک لگ جائیں گے ۔

ڈاکٹر شیر افگن خان نیازی ۔ صورت حال یہ ہے کہ جو feasible ہیں ' وہ یقیناً لگ جائیں گے ۔ بعض ایسے بھی ہیں جو feasible نہیں ہیں ' ان کا لگنا مشکل ہے ۔ اس سے آگے سوال نمبر ۲ آ رہا ہے ' اس دوران اس مسئلہ پر میں تفصیل سے گزارش کر دوں گا کہ ایسی چیزیں بھی ہیں ' ایسی شرائط ہیں جو پوری نہیں ہو رہی ہیں ' جو PCOs مقررہ شرائط پوری نہیں کر پاتے ' ان کا لگنا مشکل ہو جاتا ہے ۔ یہ سب میں اگلے سوال میں بیان کروں گا ۔

جناب ڈپٹی چیئرمین ۔ بجا ہے ۔

چوہدری محمد انور بھنڈر ۔ میں عرض کرنا چاہتا ہوں کہ ایک سال سے ہم نے یہ فارم دئے ہیں لیکن ہمیں آج تک محکمہ نے نہیں بتایا ہے کہ یہ feasible ہیں یا نہیں ۔ میں یہ پوچھنا چاہتا ہوں کہ یہ ہمیں کب بتائیں گے کہ یہ feasible ہیں یا نہیں ہیں ۔

ڈاکٹر شیر افگن خان نیازی ۔ جناب والا ! ایک ماہ میں یا دو ماہ میں ان کے پاس یہ information آ جائے گی کہ یہ لگنے ہیں یا نہیں لگنے ہیں ۔

جناب ڈپٹی چیئرمین ۔ بات یہ ہے کہ وزیر صاحب یہ ارشاد فرما رہے ہیں کہ ایک

ڈیڑھ سال میں تمام چیزیں ٹھیک ہو کر مسلسل آپ تک اطلاع پہنچ جائے گی کہ وی ایچ ایف لگ سکتے ہیں یا نہیں لگ سکتے ۔ لگنے والے لگ جائیں گے اور جو feasible نہیں ہوں گے وہ نہیں لگیں گے۔ حافظ صاحب آپ سپلیمنٹری سوال کرنا چاہتے ہیں

حافظ حسین احمد ۔ جی میرا ضمنی سوال ہے۔ وزیر موصوف بیان فرمائیں گے کہ پی سی اوز کے ٹاور لگنے کے بعد feasibilty پر غور کیا جائے گا۔

ڈاکٹر شیر افگن خان نیازی۔ No جب وہ feasible تھا تو ٹاور لگ گیا اس کے لئے instruments چاہیئے ہوں گے اور جو پہلے نہیں تھے اب گورنمنٹ آف پاکستان نے امپورٹ کر لیے ہیں ۔available ہو رہے ہیں انشاء اللہ وہ لگ جائیں گے۔

جناب ڈپٹی چیئرمین۔ ٹاور لگنے کے بعد لگ جائیں گے ۔ یہ کہہ رہے ہیں۔

جناب چیئرمین ۔ یہ یقینی بات ہے جہاں ٹاور لگ جاتا ہے ۔ وہاں feasible ہے تو ٹاور لگایا گیا ہے ۔

حافظ حسین احمد ۔ شہزاد گل صاحب نے کہا کہ گیارہ پی سی اوز پر ٹاور لگے ہیں ۔ اگر اس میں کوئی feasible ہو گا تو لگے گا انہوں نے یہ کہا ہے ۔

ڈاکٹر شیر افگن خان نیازی۔ نہیں نہیں میں نے ایک اور بات کی ہے ۔ سوال نمبر ۲ پر اگر آپ تشریف لے آئیں تو وہاں پر میں explain کرنا چاہتا ہوں ۔ چونکہ وہ بھی ڈاکٹر ریحان صاحب کا ہے ۔

جناب ڈپٹی چیئرمین۔ اگلا سوال ڈاکٹر ریحان صاحب سوال نمبر ۲ ۔

*2. Dr. Muhammad Rehan: Will the Minister for Communications be pleased to state the time by which VHF PCO recommended by me in the year 1994-95 for village Bio-Hussain Zai Kala Dhaka, Tehsil and District Mansehra, will be installed?

Minister for Communications: Installation of the PCO at the recommended site is not feasible as it does not meet the criteria fixed by

جناب ڈپٹی چیئرمین۔ سپلمنٹری پلیز۔

ڈاکٹر محمد ریحان۔ جناب والا میرا سوال یہ ہے اور جو جواب دیا گیا ہے وہ بڑا vauge ہے۔ It is not feasible باقاعدہ جو criterion ہوتا ہے کہ اتنا فاصلہ کم ہے۔ آبادی کم ہے یا وہاں پر بجلی نہیں ہے۔ کوئی اس قسم کا specific جواب نہیں دیا گیا۔

